لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، بہاولپور، حیدرآباد اور کراچی میں پڑھا جانے والا معتبر اخبار

روزنامہ

# وقت راز

لاہور

چیف ایگزیکٹو

میاں نوید شہزاد سوہنیکا

مینجنگ ایڈیٹر


منیر احمد جاپانی

0301-4880233

ایڈیٹر میاں محمد عامر

جلد نمبر 13 | پیر 22 جون 2026ء 7 یکم محرم الحرام 1448ھ 8 ہاڑ | شمارہ نمبر 138


## عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے





میلسی (بیورو چیف میاں غضنفر محفوظ سے) عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ یہ بات نعیم احمد مرزا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ممتاز مغل ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروگرام عورت فاؤنڈیشن نے ایک اسلام آباد ایک میٹنگ میں کی انہوں نے کہا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن پاکستان کے وزیرِ اعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک، قابلِ ستائش اور موثر کاوشوں کو سراہتی ہے، جن کی مدبرانہ قیادت اور علاقائی امن سے وابستگی نے اس تاریخی جنگ بندی کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی کوششیں بین الاقوامی سطح پر امن اور استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کی عکاس ہیں۔ مذید کہا کہ یہ اہم پیش رفت عالمی امن، سلامتی اور اقوام کے درمیان باہمی تعاون کے فروغ میں موثر کردار ادا کرے گی۔ بالخصوص خواتین، بچوں اور دیگر کمزور و محروم طبقات کو۔ انہوں نے کہا پاکستان امن کا گہوارہ ہے یہ ثابت کر دیا ہے۔